فوری ریلیز کے لیے: 2023/27/4 گورنر ***KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL کی جانب سے نیو یارک کے باشندوں کو سولیوان کاؤنٹی میں طوفان کے بعد مقامی حکومتوں کی مدد کے لیے ریاستی وسائل کی تعیناتی پر اپ ڈیٹ***

***نیو یارک کے باشندوں کو انشورنس سے متعلقہ سوالات کے لیے 1759-339 (800) پر DFS کی ہاٹ لائن برائے ہنگامی صورت حال پر کال کرنے کی ترغیب***

***محکمہ زراعت اور مارکیٹس کی جانب سے متاثرہ فارمز کو اپنے نقصانات کی اطلاع دینے کے لیے امریکی محکمہ زراعت کی فارم سروس ایجنسی سے رابطہ کرنے کی ترغیب***

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاستی ایجنسی کے اضافی اثاثوں کو سولیوان کاؤنٹی میں راسکو اور کیلیکون سینٹر میں طوفان کے ٹکرانے کے بعد کمیونٹیز کی بحالی میں مدد دینے کی خاطر ہدایات جاری کی ہیں۔ برمنگھم میں دفتر برائے قومی موسمیاتی سروس نے اندازہ لگایا ہے کہ طوفان 115 میل فی گھنٹہ کی رفتار کے ساتھ، اینہانسڈ فوجیٹا اسکیل پر EF2 کی شدت کے ساتھ تھا۔ 300 گز کی زیادہ سے زیادہ وسعت کے حامل اس طوفانی بگولے نے 10 میل کا سفر کیا۔

"نیو یارک کے باشندوں کی حفاظت میری اولین ترجیح ہے، اور میں نے اپنی انتظامیہ کو سولیوان کاؤنٹی میں ان افراد کے لیے تمام ضروری امداد فراہم کرنے کی ہدایت کی ہے جو اس قدرتی آفت سے متاثر ہوئے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "جب سے یہ طوفان ٹکرایا ہے، تب سے میری ٹیم ریاستی اور مقامی حکام کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہتے ہوئے طوفان سے متاثرہ افراد کی مدد کے لیے تیار ہے۔ ہم اس کمیونٹی کو تعمیر نو اور بحالی میں مدد دینے کے لیے اپنے ہر وسیلے کو تیار حالت میں دستیاب رکھیں گے۔"

**محکمہ برائے مالیاتی خدمات کی سپرنٹنڈنٹ Adrienne A. Harris نے کہا،** "DFS سولیوان کاؤنٹی میں طوفان سے متعلق انشورنس کے سوالات اور دعویٰ جات رکھنے والے متاثرہ مالکانِ مکان اور کاروباروں کی مدد کے لیے دستیاب ہے۔ ہم ریاستی ایجنسیوں اور مقامی شراکت داروں کے ساتھ مل کر ہنگامی ردِعمل کی کوششوں میں مدد کرنا جاری رکھیں گے تاکہ ان علاقوں کو تعمیرِ نو اور بحالی میں مدد دی جا سکے۔"

**محکمۂ زراعت اور مارکیٹس کے کمشنر Richard A. Ball نے کہا،** "کوئی بھی آفت آنے کی صورت میں، یہ انتہائی اہم ہے کہ ہم سب بحیثیت قوم اکٹھے ہو کر ان متاثرہ افراد کی مدد کریں۔ برسوں پہلے، شوہاری میں میری اپنی کمیونٹی شدید سیلاب کی زد میں آ گئی تھی، یہی وجہ ہے کہ میں شدید موسمی واقعات کے بعد ایک دوسرے کو آگے بڑھانے اور ایک دوسرے کا ساتھ دینے کی اہمیت کو اچھی طرح سمجھتا ہوں۔ ہم محکمے میں سولیوان کاؤنٹی کے رہائشیوں اور اس کی زرعی کمیونٹی کو وہ مدد فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہیں جو انہیں اپنے پیروں پر کھڑا ہونے، تعمیرِ نو کرنے اور بحال ہونے کے لیے درکار ہے۔"

**ریاستی سینیٹر Peter Oberacker نے کہا،** "جیسا کہ میری سولیوان کاؤنٹی میں مقامی حکام کے ساتھ مسلسل بات چیت جاری ہے، تو یہ واضح ہے کہ حالیہ طوفان سے متاثرہ افراد کی مدد کے لیے اضافی معاونت درکار ہے۔ محکمہ برائے مالیاتی سروسز کے ماہرین ایک زبردست وسیلہ ہیں اور میں مکان اور کاروبار کے مالکان کو ترغیب دیتا ہوں

کہ وہ امداد کے لیے ان مواقع سے فائدہ اٹھائیں۔ اپنی کمیونٹیز کی تعمیرِ نو کے لیے کام کرنے کے سلسلے میں بظاہر یہ عمل صرف ایک قدم ہے، لیکن درحقیقت یہ ایک اہم آغاز ہے اور میں DFS کے ہنگامی ردِعمل کو دل سے سراہتا ہوں۔"

**رکنِ اسمبلی Aileen Gunther نے کہا،** "ہفتے کے روز ایک آفت پیش آئی، اور ہم اس معاملے میں خود کو خوش قسمت کہہ سکتے ہیں کہ کسی جان کا ضیاع نہیں ہوا، تاہم ہمارے بہت سے دوستوں اور خاندانوں کو اب بھی بڑے پیمانے پر امداد کی ضرورت ہو گی۔ ہماری کمیونٹی اس مشکل وقت جرات مندانہ انداز میں اکٹھی ہوئی، اور میں خاص طور پر محکمہ برائے مالیاتی سروسز کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں کہ وہ براہ راست متاثرہ کمیونٹیز تک پہنچا۔ مجھے ریاست کی جانب سے فوری ردعمل پر فخر ہے اور میں اپنے فارمز، کاروباروں اور خاندانوں کو فراہم کی جانے والی تمام امداد کو سراہتی ہوں۔ اس طوفان سے بحالی میں وقت لگے گا، اور میں سب کو یقین دلانا چاہتی ہوں کہ میں اس وقت تک مدد کے لیے تیار رہوں گی جب تک ہر کوئی اپنے پیروں پر کھڑا نہیں ہو جاتا۔"

**<u>ایجنسی کی جوابی سرگرمیاں</u>**

**محکمہ برائے مالیاتی سروسز**
محکمہ برائے مالیاتی سروسز کا عملہ متاثرہ کمیونٹیز میں تعینات کیا جائے گا تاکہ سولیوان کاؤنٹی میں طوفان سے متاثرہ رہائشیوں کو انشورنس امداد فراہم کی جا سکے۔ گھروں اور املاک کو متاثر کرنے والے شدید نقصان کی وجہ سے، محکمہ برائے مالیاتی سروسز کے اہلکار وسیلہ جاتی مراکز پر ڈیوٹی انجام دیں گے تاکہ رہائشیوں اور کاروباری مالکان کو ضرورت کے مطابق انشورنس کے دعویٰ جات دائر کرنے میں مدد ملے۔

**جمعرات 27 اپریل، راک لینڈ ٹاؤن**

- Roscoe Community Center, 1968 Old Route 17 Roscoe NY 12776
- دن 12 بجے تا شام 6 بجے

**جمعہ 28 اپریل، کیلیکون ٹاؤن**

- Callicoon Town Hall, 19 Legion St, Jeffersonville, NY 12748
- صبح 9 بجے تا شام 4 بجے

وہ رہائشی جو وسیلہ جاتی مراکز کا دورہ نہیں کر سکتے وہ روزانہ صبح 8:30 بجے سے شام 4:30 بجے تک 800-339-1759 پر محکمہ برائے مالیاتی سروسز کی ہاٹ لائن برائے ہنگامی صورت حال پر کال کر کے اور dfs.ny.gov پر موجود محکمہ کی ویب سائٹ تک رسائی حاصل کر کے مالیاتی سروسز کے حوالے سے سوالات بشمول نقصانات کے لیے پالیسی کوریج کے بارے میں انشورنس کی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

**محکمۂ زراعت اور مارکیٹس**
محکمۂ زراعت اور مارکیٹس امریکی محکمۂ زراعت کی فارم سروس ایجنسی کے وفاقی حکام کے ساتھ کام کر رہا ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ متاثرہ فارمز کو معاوضہ مل سکے۔

کسی بھی فارم کو نقصان کی اطلاع دینے کے لیے 4005-865 (607) پر کال کر کے FSA سروس سینٹر سے رابطہ کرنا چاہیئے۔ اس بات کو یقینی بنانے کی کوشش میں کہ زرعی کمیونٹی کو آفتی واقعات کے بعد اور بحالی کی کوششوں میں ان کی ضروریات کو تسلیم کیا گیا ہے، یہ تلافیٔ نقصان کے دعوے کی چھان بین کا سروے ٹول زرعی کمیونٹی کے پیداکاران اور اراکین کو ان کے مقام پر ہونے والے نقصان کو ریکارڈ کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ سروے

نقصان کا پتہ لگانے اور اس کا اندازہ لگانے میں مدد کرتا ہے جس کی درخواست مقامی، ریاستی یا وفاقی شراکت داروں سے ہنگامی اعلانات میں مدد کے لیے کی جا سکتی ہے۔

اضافی معلومات یہاں مل سکتی ہیں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں